# خالص شربت بادام گھر بنانے کی ترکیب تیاری

## اجزاء

125 گرام بادام لیں (کڑوا بادام استعمال نہیں کرنا ) رات کو پانی ڈال کر رکھ دیں ۔صبح ان سے چھلکا اُتر کر باداموں کو خوب باریک کر لیں ۔ان کو کپڑے کی مد د سے چھان کر رکھ دیں ۔ڈیڑھ کلو شکر میں ایک لیٹر پانی ڈال کر پکائیں اور جو اُپر میل آئے اُس کو الگ کرتے جائے۔جب گاڑھا ہوجائے تو پسے ہوئے بادام ڈال کر ہلکی آنچ پر پکاتے رہیں اور چمچے میں نکال کر ٹھنڈا کر کے دیکھتے رہیں۔جب سب چیزیں شربت جیسی ہو جائے تو اُتار لیں اور ٹھنڈا ہونے کو رکھ دیں ۔پھر اس کو صاف خشک بوتلوں میں اچھی طرح بھر لیں اور ڈھکن کو اچھی

طرح بند کریں ۔ایک گلاس کے لئے ،کھانے کے چار چمچ شربت پانی میں ملا لیں اور ٹھنڈا کر کے نوش فرمائیں ۔

03078162003